© rasailojaraid.com

عربی زبان تاریخ کے تناظر میں

مولانا عمید الزماں قاسمی کیرانوی

عربی زبان، منبعِ علوم شریعت، قرآن وحدیث کی زبان ہے، اس لیے اس کے تداول اور تعلیم وتعلم کو آسان سے آسان تر بنانے کی جملہ مخلصانہ مساعی، خدمتِ دین کا درجہ رکھتی ہیں۔ عربی سے عربی، عربی سے اردو یا اس کے برعکس دیگر زبانوں میں، عربی کے تعلق سے معتبر لغات وقوامیس کی تالیف، ان کوششوں کا ایک انتہائی اہم حصہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف ادوار کے علماء اور بالخصوص علمائے متقدمین نے اس کام کو بہت زیادہ اہمیت دی اور ان میں سے بہت سوں نے اس کو اپنی علمی کاوشوں کا محور ومرکز بنا کر اس عظیم زبان کو اپنی اصلی شکل وصورت میں محفوظ رکھنے کی جلیل القدر خدمات انجام دیں۔ چنانچہ بعض عبقری علماء اور ماہرین عربی لغت نے اس زبان میں فنِ لغت نویسی کا آغاز کیا اور متعدد معاجم وقوامیس ترتیب دیں جن میں خلیل بن احمد الفراہیدی کی کتاب العین اور ابو عمر الشیبانی کی کتاب الجیم سرفہرست ہیں۔ بعض علماء نے اپنے سلف کی معاجم کو موضوعِ بحث بنایا، کچھ نے شروح لکھیں اور کچھ نے مختصرات تحریر کیں۔ علاوہ ازیں بعض نے متعدد معاجم کو یکجا کیا یا کسی ایک معجم کو بنیاد بنا کر دوسرے معاجم سے منتخب الفاظ کا اضافہ کیا اور ان کے محاسن ومناہج سے استفادہ کر کے زیادہ جامع انداز میں طالبانِ زبان وادب کی ضرورت کو پورا کرنے کی سعی کی۔

قرآن وحدیث اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ''اللسان العربی'' اور اس کے متعلقہ علوم کی خدمت میں اپنی عمریں صرف کرنے والے ان جلیل القدر علمائے محققین کا یہ حق ہے کہ ہم ان کی محنت اور کوششوں سے عربی لغات کی شکل میں وجود میں آنے والے ان گنج ہائے گرانمایہ سے روشناس اور بہرہ ور ہوں، جو خزانے بھی ہیں اور خزانہائے علوم شریعت اور ادب عربی کی کنجیاں بھی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ لغت نویسی اور تدوینِ قوامیس ومعاجم کا ایک سرسری جائزہ لیا جائے۔ لیکن اس سے پہلے زبان کی تحقیق، عربی میں اس کے لیے لفظ ''لغۃ'' کے استعمال اور عربی زبان کی اصل وخصوصیت اور اسلام کی وجہ سے اس کی بے مثال حفاظت وترقی سے متعلق بھی کچھ لکھنا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مناسب معلوم ہوتا ہے۔

زبان کی اہمیت: عصر جدید کے فلاسفر ڈیکارٹ (Rene Descrates 1596- 1650) کی رائے کے مطابق انسان کے حیوانِ ناطق ہونے کی وجہ سے زبان یعنی لغت اس کے خواص میں سے ایک خاصہ ہے۔ لغت (زبان) انسان کا خاصہ اس لیے ہے کہ وہ حیوانِ ناطق یعنی بولنے اور سوچنے کی صلاحیت رکھنے والا ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ حیوان مدنی ہے، جس کی فطرت میں اجتماعیت ہے اور اس کا یہی خاصہ اس کو کائنات کی دوسری تمام مخلوقات میں ممتاز بناتا ہے۔ یہی چیز انسان کے لیے مختلف اشیاو اشخاص کی سمجھ اور ادراک میں مددگار ہوتی ہے۔ حیوان کا یہ عمل صرف حواس کے ذریعہ ہوتا ہے۔ جب کہ انسان کے اس عمل میں حواس کے علاوہ نطق وتفکیر کو بھی دخل ہوتا ہے، جو اس کا وصف امتیازی ہے اور چونکہ انسان کے ادراک کے اس عمل میں احاطہ وشمول بھی ہے اس لیے اسی کو صحیح ادراک قرار دیا جاسکتا ہے۔

زبان انسان کے لیے ایک عظیم عطیہ رُبانی ہے۔ انسان کو اس عطیہ سے نوازے جانے کا مقصد یہ ہے کہ وہ اس کے ذریعہ اپنے نفس اور اس کے باطنی اسرار و رموز کا ادراک کرے اور اپنے اردگرد پھیلے ہوئے عالم بے کراں سے واقفیت وآگاہی حاصل کرے تاکہ اس آگہی کے بعد وہ اپنے خالق وپروردگار کے حضور میں سجدہ ریز ہو۔

ارسطو (Aristote 322-384 B.C.) نے انسان کی تعریف میں حیوانِ ناطق کا فلسفیانہ تصور پیش کیا، تو ڈیکارٹ نے اس میں اس بات کا اضافہ کیا کہ زبان ہی سے انسان کے اندر فکر وعمل کی دونوں شقوں کے ساتھ حقیقی ناطقیت کا تحقق ہوتا ہے، جس کے بعد وہ زمین پر خلیفۃ اللہ بننے کا اہل ہوتا ہے۔

انسان کی ناطقیت کا دارومدار غور وفکر کرنے اور اجتماعی زندگی گزارنے پر ہے، پھر زبان کے ذریعہ اظہار وبیان خود اپنے نفس کے علاوہ، دوسروں کو سمجھنے اور اسرارِ عالم کی دریافت کی راہ کا ایک قدم بھی ہے۔ انیسویں صدی کے دورِ اول کے فلاسفر نطشے (Friedrich Nietzsche 1844 - 1900) کے بقول یہ دریافت دراصل ایک فعل ہے، جو ہمیشہ تغیر کا متقاضی ہے۔

بہرحال زبان کی اہمیت مسلم ہے۔ وہ فکر کی ترجمانی اور دوسروں سے رابطے کا محض ایک وسیلہ وآلہ ہی نہیں، بلکہ وہ اجتماعی زندگی میں ہماری ماہیت اصلی کا اثبات اور نفوس کا تزکیہ بھی کرتی ہے۔ انسان کی زندگی میں زبان کا عمل اُس سے کہیں زیادہ اہم ہے جیسا کہ وہ بادی النظر میں لگتا ہے۔ ہم سب ہی، خواہی نہ خواہی، زبان کا ہمیشہ استعمال کرتے ہیں۔ لہٰذا زبان ایک ایسی چیز ہے جس سے انسان بے نیاز و مستغنی نہیں ہوسکتا۔ ہم اپنے اہل وعیال، دوسرے افراد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

خانہ، رشتہ داروں، دوستوں، ساتھیوں، پڑوسیوں اور ہم وطنوں سے ہم کلام ہوتے ہیں، بلکہ بسا اوقات خود اپنے آپ سے اور ان لوگوں سے بھی جو زمان ومکان کے اعتبار سے ہم سے دور ہیں، بات چیت کرتے ہیں۔ علامہ شیخ محمد عبدہ نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ زبان فکر کی مظہر اور اس کی ترجمان ہے: (اللغة مجلی للفکر وترجمان له) فرد کی زندگی میں زندگی کا ساتھ لازم وملزوم کی طرح ہے۔ زبان اس کے وجود کی گہرائیوں اور اس کی پوشیدہ خواہشات ومحسوسات تک اپنی رسائی رکھتی ہے۔ کوئی قوم جو زبان بولتی ہے اسی سے مربوط کلام وجود میں آتا ہے، عالم اجسام اور عالم اذہان کے درمیان زبان حقیقی رابطہ کا ذریعہ ہے۔

لغت کے اصطلاحی معنی: یہ تو تھی زبان کی ضرورت اور اجتماعی زندگی میں اس کے کردار کی اہمیت کی مختصر تشریح۔ رہا مسئلہ اس کے اصطلاحی معنی کا تو اس سلسلہ میں علمائے لسانیات (Linguists) کے درمیان خاصا اختلاف ہے۔ بحث وتحقیق میں ہر ایک کا اپنا اپنا نہج اس اختلاف کی بنیاد ہے، چنانچہ کوئی اس کی تعریف (Definition) عقلی ونفسیاتی بنیاد پر کرتا ہے، تو کوئی منطقی وفلسفیانہ نظریہ کا سہارا لیتا ہے۔ جب کہ بعض ماہرین معاشرے میں زبان کے رول کے اعتبار سے اس کی تعریف پیش کرتے ہیں۔ بہرکیف زبان کے معنی کے سلسلہ میں بہت سے اقوال ہیں جن کو ذیل میں بطور حصر نہیں بلکہ بطور مثال پیش کیا جارہا ہے:

❶ ماہرین نفسیات (Psychologists) کے نزدیک مافی الضمیر کی تعبیر کا کوئی بھی وسیلہ زبان ہے۔ لہٰذا ان کے نزدیک زبان ہر وہ آلہ ہے جو کسی انسان کے شعور میں آنے والی کسی چیز کو دوسرے تک منتقل کرسکے۔ بنابریں ان کی نظر میں حرکات، اصوات، نقش ونگار اور رسم الخط سب ہی زبان کی قسمیں ہیں۔ صوتی زبان مقاطع (Syllables) والے الفاظ کی بھی ہے اور سادہ الفاظ والی بھی جن میں واضح قسم کے مقاطع نہ ہوں۔

چنانچہ قبول یا انکار پر دلالت کرنے والی کوئی حرکت، ہاتھ، سر یا جسم کے ذریعہ کسی معنی کی طرف اشارہ، آہ وبکا، موسیقی، نقش ونگار، تصویر کشی اور بولے ہوئے یا تحریر کردہ کلمات، نیز اسی طرح کی جو چیزیں کسی فکر وخیال کو دوسرے تک منتقل کرنے کے لیے استعمال میں آتی ہیں، علمائے نفسیات کی اصطلاح میں ان سب پر زبان کا اطلاق ہوتا ہے۔

❷ دوسرا مکتب فکر جو زبان کی تعریف، معاشرے میں اس کے رول اور کام کے پیش نظر کرتا ہے، اس کا کہنا ہے کہ زبان نام ہے عرف میں ملحوظ ان امور کے نظام کا جو کسی خاص اجتماعی گروہ کے افراد کے درمیان تعاون وتعامل کا ذریعہ بنتے ہوں۔ زبان کی یہ تعریف امریکی محقق (ادجار ستیر تفنت) نے کی ہے۔

یہ مکتبِ فکر زبان کے معاشرتی پہلو کو اہمیت دیتا ہے، چنانچہ اس کے نزدیک زبان ایک معاشرتی حقیقت اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اجتماعی ربط واتصال کا نتیجہ ہے۔ باہمی تعاون اور بحیثیت انسان اہمیت کے حامل مختلف امور کو انجام دینا اس کا بنیادی عمل ہے۔ اس طرح دیکھا جائے تو وہ اپنی ترقی وفروغ میں بھی انسانی گروہوں کے وجود کی مرہونِ منت ہے۔

❸ منطقی مکتب فکر (Logical School of Thouth) زبان کی تیسری تعریف علمائے منطق (Logicians) کی ہے جو زبان کو افکار کی تعبیر کے وسیلہ کے طور پر استعمال کرنے کو اہمیت دیتے ہیں۔ اہلِ منطق کے اس مکتب فکر کے ایک عالم پروفیسر (جفونز) اپنی کتاب ''مبادی درس منطق'' میں لکھتے ہیں: زبان کے تین کام ہیں:

(الف) خواہشات وجذبات اور افکار پہنچانے کا ذریعہ بننا۔ (ب) سوچنے میں خود کار معاون ہونا۔

(ج) تدوین ومراجعت کا آلہ ہونا۔ (اس سے مراد تحریری زبان ہے، جس میں انسان اپنے افکار وخیالات اور آراء کو حیطۂ تحریر میں لاتا ہے اور وقتِ ضرورت ان کی طرف رجوع کرتا ہے۔)

❹ فلسفی مکتب فکر (Philosophical School of Thouth) اس مکتب فکر کے بقول افکار کی تعبیر اور ان کو ایک شخص سے دوسرے تک منتقل کرنے کے لیے منظّم صوتی رموز کے استعمال کا نام زبان ہے۔

❺ زبان کا اطلاق نُطق وتکلم اور قوت ناطقہ اور ان الفاظ پر ہوتا ہے جن کے ذریعہ متکلم اپنے احساس وشعور کا اظہار کرتا ہے۔

❻ قدماء نے بھی زبان کی تعریف میں کہا ہے کہ زبان ان آوازوں کا نام ہے، جن کے ذریعہ کوئی قوم اپنے اغراض وضروریات کا اظہار کرتی ہے۔

زبان کے معنی کے ذیل میں اور بھی بہت کچھ لکھا گیا ہے، یہاں صرف چند اقوال وتعریفات پر اکتفا کیا گیا ہے۔ بہر حال متمدن انسان کی غرض وضرورت افکار کو دوسرے تک منتقل کرنے میں ہی منحصر نہیں ہے، اسی لیے زبان کا دائرہ عمل بھی اسی حد تک محدود نہیں بلکہ درحقیقت وہ وسیلہ بنتی ہے فکر وفہم کا اور ذوق وخیال کی بالیدگی کا۔ لہٰذا اصطلاحی معنی کے اعتبار سے زبان کی زیادہ جامع تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ ''زبان نام ہے ان الفاظ کا جن کے ذریعہ کوئی قوم اپنی اغراض وضروریات کا اظہار کرتی ہو اور ان کو فکر وفہم نیز ذوق وخیال کی تربیت کا وسیلہ کار بناتی ہو۔''

اصطلاحی معنی سے متعلق بحث کا یہ خلاصہ محاضرات في اللهجات العربية سے ماخوذ ہے۔ عمر فروخ لکھتے ہیں...... ''زبان، جذبات، مقاصد اور افکار کے اظہار کا ذریعہ بنتی ہے اور یہ اظہار ان حرکات واشارات کے ذریعہ ہوتا ہے جو انفعال کے نتیجہ میں قصد وارادہ کے تحت سرزد ہوں۔ اسی طرح آوازیں بھی اظہار ما فی الضمیر کا ذریعہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہوتی ہیں۔کبھی کبھی آوازوں کے ذریعہ نکلنے والے الفاظ کے مقابلہ میں اشارات کے ذریعہ مرادی معنی کی ادائیگی زیادہ بہتر طریقہ پر ہوتی ہے۔زیادہ مختصراور آسان طریقہ پر کہا جاسکتا ہے کہ زبان کے معنی ہیں:''انسانوں کے مابین تحریری یا صوتی اشاروں کے ذریعہ رابطے کا نظام یا کسی نسلی قومی یا ثقافتی گروہ کی بولی۔''

لغت کا مشتق منہ: لغہ کے اصطلاحی معنی کے مختصراً ذکر کے بعد یہ جاننا ضروری ہے کہ اس کے لیے عربی میں اگرچہ اللسان بھی استعمال کیا جاتا ہے بلکہ قرآن میں ہر جگہ اس معنی میں یہی لفظ وارد ہوا ہے، لیکن عام طور پر استعمال کیا جانے والا لفظ اللغہ ہے۔اس لفظ کا ماٗ خذ و مشتق منہ کیا ہے اور یہ کہ وہ عربی لفظ ہے یا مُعَرَّب اور اگر وہ معرب ہے تو اس رائے کے قائل کی دلیل کیا ہے۔ پھر لغت کے اصطلاحی معنی کیا ہیں اور اس سلسلہ میں ماہرین لسانیات کے اقوال و تعریفات میں اتفاق ہے یا اختلاف۔ ان سب سوالوں کے پیش نظر قدیم مصادر و مراجع اور قوامیس کی مراجعت کے بعد حسب ذیل حقائق سامنے آتے ہیں:

لغہ (Language) کا اطلاق صاحب القاموس المحیط مجد الدین فیروز آبادی کے مطابق ان آوازوں پر ہوتا ہے جن کے ذریعہ ہر قوم اپنی ضروریات وحوائج کا اظہار کرتی ہے۔اس کی جمع لغات ولغون ولغی ہے۔ لغا یلغو کے معنی تکلم بولنے اور خیبۃ ناکام یا مایوس ہونے کے ہیں۔اللغو واللغا اس کلام کو کہتے ہیں جس کا کوئی اعتبار نہ ہو۔

ابن جنی الخصائص میں لکھتے ہیں: لغۃ: لَغَوْت بمعنی تکلمت سے ہے۔وزن کے اعتبار سے وہ کُرَۃٌ، قُلَۃٌ اور ثُبَۃ کی طرح ہے ان سب میں لام کلمہ واؤ ہے جیسا کہ کروت بالکرۃ اور قلوبت بالقلۃ سے ظاہر ہے۔یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسی سے لغی یلغی ہے جس کے معنی ہذیان گوئی کے ہیں اور اسی سے شاعر کا قول ہے:

ورب اسراب حجیج کظم
عن اللغا ورفث التکلم

اسی طرح اللغو بھی ہے جو قرآن میں وارد ہے:﴿واذا مروا باللغو مروا کراما﴾ جس کے معنی باطل کے ہیں۔

''البرھان''میں امام حرمین تحریر فرماتے ہیں:اللغۃ لَغِیَ یَلغی (باب سمع) سے ہے جس کے معنی گفتگو کرنے کے ہیں۔

مذکورہ بالا حوالوں سے ظاہر ہے کہ ماہرین ومحققین لغت کی رائے میں لغۃ عربی لفظ ہے۔لیکن بعض علماء متاخرین کہتے ہیں کہ کلمۂ لغۃ خواہ کسی بھی فعل سے مشتق ہو بہر حال وہ ''اللھاہ'' سے ماخوذ ہے جس کا اطلاق حلق

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے اوپری حصہ میں موجود گوشت کے ایک ٹکڑے پر ہوتا ہے، جیسا کہ ''لسان المزمار'' میں مذکور ہے۔ اس رائے کی تائید وتوثیق دونوں کلموں میں پائی جانے والی مشابہت سے ہوتی ہے۔ دونوں ہی کے شروع میں لام ہے اور ھاء و غین دونوں حروف حلقی ہیں، جو ایک دوسرے کی جگہ واقع ہوتے ہیں، نیز لغہ کا اشتقاق لغا یا لغی سے لغوی قیاس کے مطابق نہیں ہے۔

مزید برآں اس رائے کو اس بات سے بھی تقویت ملتی ہے کہ اکثر دوسری لغات میں زبان کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ، نطق سے تعلق رکھنے والے کسی نہ کسی عضو پر دلالت کرتا ہے۔ چنانچہ عبرانی زبان میں لفظ ''سافاہ'' زبان بمعنی لغت پر بھی دلالت کرتا ہے اور ہونٹ پر بھی جو نطق وکلام کے اعضا میں سے ہے اور یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ عبرانی زبان، عربی زبان ہی کی بہن ہے۔ اسی طرح عبرانی زبان میں لفظ ''لاشون'' زبان (عضو) اور لغت دونوں معنی میں مستعمل ہے اور ظاہر ہے کہ زبان بھی اعضائے نطق میں سے ہے۔

عربی زبان اور دیگر سامی زبانوں کے خاندان کے علاوہ کسی دوسرے خاندان سے تعلق رکھنے والی زبان مثلاً فارسی کو لیا جائے تو اس میں بھی لفظ ''زبان'' لغت و زبان (عضو) دونوں ہی معنی میں مستعمل ہے۔ یہی حال انگلش زبان کا بھی ہے جس میں لفظ Tongue زبان و لغت دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

اس کے برعکس ایک رائے یہ بھی ہے کہ لغہ خالص عربی لفظ نہیں ہے، بلکہ وہ یونانی لفظ لاغوس (Lagos) کا معرب ہے جس کے معنی کلمہ یا آئڈیا (Idea) کے ہیں۔ عربی لفظ اور اس یونانی لفظ میں پائی جانے والی گہری مشابہت سے بھی اس رائے کی تائید ہوتی ہے۔

مذکورہ رائے کی مزید توثیق اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ لفظ لغہ زیر بحث معنی میں قرآن کریم میں وارد نہیں ہوا ہے۔ لغت کے معنی لفظِ ''لسان'' سے ادا کیے گئے ہیں۔ نیز دور جاہلیت کی شاعری اور یونانی زبان سے عربی میں کیے جانے والے ترجموں کے دور سے پہلے کے ادب میں لفظ لغہ کا اس معنی میں استعمال نہیں ہوا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے اس لفظ کا استعمال صفی الدین الحلی نے اپنے اس شعر میں کیا:

بقدر لغات المرء یکثر نفعه
وتلك له عند الشدائد أعوان

آدمی کی زبانوں کے بقدر اس کا نفع بڑھتا ہے اور یہ زبانیں اس کے لیے شدائد کے وقت معاون ہوتی ہیں۔

فبادر إلی حفظ اللغات وفهمها
فکل لسان في الحقیقه إنسان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پس لغتوں کے حفظ وفہم میں جلدی کرو کیونکہ ہر زبان حقیقت میں انسان ہے۔

صفی الدین الحلی ترکی عہد میں صف اول کے شعرا میں سے تھے۔ ان کی پیدائش ٦٧٧ھ میں اور وفات ٧٥٠ھ میں ہوئی۔ یعنی ان کا دور یونانی زبان کی کتابوں کے عربی میں ترجمہ کے دور سے تقریباً پانچ صدی بعد کا ہے۔

اگر یہ بات صحیح ہے کہ لفظ لغہ اس قدیم عربی ادب میں استعمال نہیں کیا گیا جو سند کا درجہ رکھتا ہے اور اس کا استعمال پہلے پہل عباسی شعرائے متاخرین کی شاعری میں ہوا ہے تو اسی نظریہ کو راجح قرار دیا جائے گا کہ وہ یونانی زبان کے ان کلمات مُعَرَّبہ میں سے ہے جو مکمل طور پر عربی زبان کا جامہ پہن چکے ہیں۔

عربی زبان: عربی اپنے دورِ اول میں ان قبائل کی زبان تھی جو جزیرہ نمائے عرب میں یمن سے شام، عراق اور فلسطین وسینا کے سرحدی علاقوں تک آباد تھے اور اس کو سریانی زبان کے نام سے جانا جاتا تھا جو ایک غلطی تھی۔ اس غلطی کا رواج اہل یونان کی وجہ سے ہوا جو شمالی شام کو آشوریہ یا سوریہ کہتے تھے، اسی بنا پر عربی کو سریانی کہا جاتا تھا۔

عربی زبان سامی زبانوں کے خاندان سے ہے جو خود ایک وسیع تر حامی۔ سامی خاندان کی ایک شاخ ہے۔

استاذ عباس محمود العقاد لکھتے ہیں: زمانۂ قدیم کی مشہور سامی زبانیں یہ ہیں: اکادی، اشوری، بابلی، سامی شرقی اور سامی غربی۔ پھر سامی غربی کی دو قسمیں ہیں: شمالی عربی اور جنوبی عربی یعنی معینی سبائی اور حبشی۔

ڈاکٹر عبدالحمید محمد ابوسکین نے عربی زبان کے شجرۂ نسب کی کچھ تفصیل حسب ذیل طریقہ پر بیان کی ہے:

زبانوں کے جس گھرانے سے عربی زبان کا تعلق ہے اس کو سامی زبانوں کا خاندان کہا جاتا ہے، اس لیے کہ ان کے بیشتر بولنے والے حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی نسل سے ہیں، جیسا کہ کتاب تخلیق (تورات کی کتاب اول یا عہد نامۂ قدیم کی پہلی کتاب) کی دسویں فصل میں مذکور ہے۔ اگرچہ محققین کے نزدیک اس تسمیہ میں علمی تحقیق وتدقیق کا فقدان ہے، پھر بھی اس نظریہ کو عوامی مقبولیت وشہرت اور سہولت کی خاطر مان لیا گیا ہے۔

اس خاندان کی زبانوں کا ایشیا اور ان میں سے بعض کا افریقہ میں پھیلاؤ ہوا۔ ان زبانوں میں کچھ باقی ہیں اور کچھ عہدِ پارینہ کا حصہ بن گئیں۔ حسب ذیل زبانیں سامی خاندان میں شامل ہیں:

بابلی، اشوری، جن کو اکدی بھی کہا جاتا ہے، عبرانی، فینیقی، آرامی شرقی، آرامی غربی، شمالی عربی، جنوبی عربی یا حبشی (Ethopie) اور ان سے متفرع ہونے والی بولیاں۔

سامی زبانوں کے مابین بہت واضح ربط ویگانگت ہے اور یہ ربط ہندی اور یوروپین زبانوں کے درمیان پائے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جانے والے ربط وتعلق سے زیادہ مضبوط ہے، نیز ان (سامی) زبانوں کے درمیان جو اختلاف ہے وہ لاطینی زبانوں کے اختلاف سے زیادہ نہیں ہے۔

چونکہ عربی اور دوسری سامی زبانیں ایک ہی اصل سے تعلق رکھتی ہیں، اس لیے ان کے بعض اصول وقواعد میں تقارب ویگانگت کا ہونا بھی ایک فطری امر ہے۔ وقت ضرورت ان میں لین دین کا عمل بھی ہوا ہے۔ تیسری صدی قبل از ہجرت کے نبطی آثار کی کھدائی سے پتا چلتا ہے کہ آرامی اور فصحی عربی کے درمیان بہت زیادہ قربت ہے۔

سامی زبانیں: ان زبانوں کی درج ذیل دو قسمیں ہیں: ❶ مشرقی جس کو اکادی یا مسماری بھی کہا جاتا ہے، بابلی اور اشوری زبانیں اسی کے تحت آتی ہیں۔ ❷ مغربی جس کی شمالی اور جنوبی دو شاخیں ہیں۔ شمالی شاخ کی دو ذیلی شاخیں کنعانی اور آرامی ہیں۔

کنعانی ذیلی شاخ کے تحت آنے والی زبانوں میں کنعانی قدیم، مؤابی، فینیقی اور قدیم عبرانی شامل ہیں۔

آرامی ذیلی شاخ مشرقی آرامی بولیوں اور مغربی آرامی بولیوں کے مجموعوں پر مشتمل ہے۔ مغربی قسم کی جنوبی شاخ، شمالی عربی اور جنوبی عربی پر مشتمل ہے۔ شمالی عربی کی کچھ زبانیں صفحۂ ہستی سے مٹ چکی ہیں۔ جیسے ثمودی، صفوی اور لحیانی اور کچھ باقی ہیں جیسے حجازی وتمیمی۔

جنوبی عربی جس کا تعلق مغربی قسم سے ہے، معینی، سبئی، حضرمی، قتبانی اور حمیری زبانوں پر مشتمل ہے۔

سامی زبانوں کا یہ شجرہ خاصا الجھا ہوا ہے، جس کو اختصار کے ساتھ آسان بنا کر پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سامی خاندان کی مذکورہ زبانیں بالکل معدوم ونا پید ہو چکی ہیں جن کے آثار ونقوش بھی ختم ہو چکے ہیں ان میں اکادی زبان مع اپنی دونوں شاخوں بابلی واشوری کے شامل ہیں۔ نیز فینیقی بھی انھیں زبانوں میں شامل ہے جن کا نام ونشان مٹ چکا ہے۔

مذکورہ زبانیں جن کو سامی زبانوں کا نام دیا جاتا ہے جزیرہ عرب ہی کی پیداوار تھیں، اس لیے ایک رائے یہ بھی ہے کہ ان کو بھی قدیم عربی بولیاں کہنا چاہیے۔ ڈاکٹر سلیمان ابوغوش (متوفی ۱۹۷۷ء) اسی نظریہ کے حامی ہیں ان کا کہنا ہے کہ جب ہم مختلف عرب ممالک میں قدرے اختلاف کے ساتھ بولی جانے والی عامی زبانوں کو لهجات عربية (عربی بولیاں) ہی کہتے ہیں اور اس سرزمین پر جزیرۂ عرب ہی کا اطلاق کرتے ہیں جو عربی زبان اور تمام جدید وقدیم عربی بولیوں کا گہوارہ ہے تو ہم اس سرزمین میں پیدا ہونے والی قدیم بولیوں کے نام میں اس حقیقت سے کیوں گریز کرتے ہیں۔ ہم ان سب کو قدیم عربی بولیاں کیوں نہیں کہتے اور ماہرین لسانیات ان کو سامی زبانیں کہنے پر کیوں مصر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہیں؟

ڈاکٹر سلیمان ابوغوش اپنی منفردانہ رائے کو مدلل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اگر ہم قدیم مصری زبان بول کر ہیروگلفی (Hieroglyphics) زبانیں مراد لیں تو کیا یہ غلط ہوگا؟ یقیناً نہیں جب کہ لفظ ''مصر'' اپنے موجودہ مفہوم میں ملک مصر کے لیے ہیروگلفی زبان کے دور میں مستعمل نہیں تھا اس لیے کہ زمانۂ قدیم میں اس کا نام جبت یا کبت یا کمت یا کیم تھا ___ نیز جب کہ ہیروگلفی، مصر قدیم کی صوتی زبان کا نہیں، بلکہ لکھائی کی زبان کا نام تھا''۔

آگے چل کر موصوف لکھتے ہیں: ''عربی بولیوں کو سامی زبانیں کہنا علمی طور پر درست نہیں ہے، اس تسمیہ کو صرف سو سال سے رواج حاصل ہوا ہے، جو دراصل تورات کی یہودی داستانوں سے ماخوذ ہے، ان داستانوں کے مطابق نوح علیہ السلام کے سام، حام اور یافث تین بیٹے تھے، ان میں سام کی اولاد جزیرۂ عرب میں آباد ہوئی، حام کی نسل سے افریقہ کے لوگ ہیں، جب کہ اہل یوروپ یافث کی نسل سے ہیں۔ تورات کی ان یہودی حکایات میں اس کا کوئی ذکر نہیں کہ چینی یا مغل یا جاپانی کس کی نسل سے ہیں اور نہ ہی ان کی زبانوں کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کے تینوں بیٹوں میں سے کس سے تعلق رکھتے ہیں''۔

ڈاکٹر ابوغوش لکھتے ہیں: ''حالانکہ علم فلسفۂ لسانیات بہت ترقی کر چکا ہے اور ایک دوسرے سے قربت رکھنے والی زبانوں کو ایسے خاندانوں اور گھرانوں میں تقسیم کیا جا چکا ہے جو پرانی تقسیم کے لحاظ سے مختلف ہیں، اس کے باوجود علماء لسانیات اور دور جدید کے ماہرین، قدیم عربی بولیوں کو سامی زبانوں کا ہی نام دیتے چلے آرہے ہیں''۔

ڈاکٹر ابوغوش نے سامی زبانوں کی تفصیل، جن کو وہ عربی بولیاں کہتے ہیں، زیادہ مرتب اور سہل انداز میں پیش کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں: عربی زبان کو مع اس کی مختلف بولیوں کے مندرجۂ ذیل طریقہ پر تقسیم کیا جا سکتا ہے:

ا۔ شمالی عربی بولیاں

(الف) مشرقی: ❶ بابلی ❷ اشوری ❸ کلدانی (یہ تینوں بولیاں اس علاقہ کے لوگ بولتے تھے جس کو آج عراق کے نام سے جانا جاتا ہے۔)

(ب) مغربی: ❶ کنعانی ❷ فینیقی ❸ آرامی ❹ سریانی ❺ مؤابی ❻ موری ❼ اوغارتی (۱۹۳۰ء میں لبنان کے راس شمرہ علاقہ میں اس زبان کی تحریریں ملی تھیں) ❽ نبطی ❾ صفوی (شام میں صفاۃ کی طرف منسوب جہاں اس کے نقوش ملے ہیں۔) یہ بولیاں اہل شام۔ جس سے وہ وسیع تر خطہ مراد ہے جو ترکی میں طوروس پہاڑوں سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فلسطین کے جنوب میں واقع ''رفح'' تک پھیلا ہوا تھا۔ بولتے تھے۔

۲۔وسطی عربی بولیاں

❶ حجازی ❷ ثمودی ❸ لحیانی۔ یہ عرب قبائل کی بولیاں ہیں جو شام کے جنوب اور یمن کے شمال میں واقع علاقوں میں رہتے تھے۔

۳۔جنوبی بولیاں

❶ معینی ❷ سبئی ❸ قتبانی ❹ اوسانی ❺ حضرمی ❻ حمیری

قدیم حبشی (جعزی) وغیرہ جیسی افریقی بولیاں بھی مذکورہ بولیوں میں شامل ہیں۔ان کے علاوہ شاید اور بولیاں بھی رہی ہوں گی جن کا ابھی تک انکشاف نہیں ہوسکا ہے۔

عربی زبان اپنے موجودہ مفہوم کے اعتبار سے وہ زبان ہے جس کو ایشیا وافریقہ کے باشندے بولتے ہیں۔ ماہرین لسانیات اس بات پر متفق ہیں کہ عربی کا نشوونما جزیرۂ عرب (اپنے وسیع تر مفہوم میں) میں ہوا، یا کم از کم یہ وہ متفقہ امر ہے جس کے بارے میں علماء السنہ کے پاس معلومات ہیں جن کا ماخذ مختلف آثار اور معلوم شدہ تاریخ کا ورثہ ہے۔ یہی چیز مسلمہ حقیقت کے طور پر مانی جاتی رہے گی تا آنکہ اس کے برعکس کچھ ثابت ہو اور اس کی تائید میں محکم دلائل ہوں، جن سے معلوم ہو کہ یہ زبان دوسری جگہوں سے منتقل ہوکر جزیرۂ عرب میں پہنچی۔ بنابریں یقین کیا جاتا ہے کہ جزیرۂ عرب ہی اس زبان کا گہوارہ ہے، جہاں وہ وجود میں آئی پنپی اور نشوونما کے مراحل سے گذری اور متعدد بار، باشندوں کے انتقالِ مکانی کے عمل کے زیر اثر، جزیرۂ عرب کے جغرافیائی حدود کے باہر پہنچی۔ آج جو عربی زبان متداول ہے جس کو باشندگان وطن عربی بولتے ہیں وہ حجازی لہجہ ہے، جس میں قرآن کریم نازل ہوا اور یہ اسلام ہی ہے جس نے ''عربی'' لفظ کو موجودہ مفہوم عطا کیا۔

حجازی لہجہ یا بقول بعض قریشی لہجہ (یا لغت قریش) ان بہت سی عربی بولیوں میں سے ایک ہے جو جزیرۂ عرب میں وجود میں آئیں۔اور چونکہ حجاز ہی ایک اہم تجارتی مرکز تھا، جو شمال وجنوب کے عربوں کے درمیان ربط وصل کا کام کرتا تھا، اس لیے تمام عرب قبائل اس زبان سے پورے طور پر آشنا تھے، اور یہ زبان ان کی ضرورت بن کر ان کے درمیان رائج ہوگئی تھی۔

(جاری ہے)

© rasailojaraid.com